حیسکو پریس ریلیز مورخہ 30.09.2026

حیسکو کی بہترین کارکردگی میں افسران کے شانہ بشانہ تکنیکی عملہ/محنت کش ورکرز کا بڑا کردار ہے، جس پر میں آپ سب کو مبارکباد دیتا ہوں اور خاص طور پر میں چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قائدانہ صلاحیتوں کا معترف ہوں کیونکہ ڈاہری صاحب نے یہ ثابت کر کے عملی طور پر 24 گھنٹے بجلی دینے کا منصوبہ جاری رکھا ہوا ہے، جس کی مثال آج یہ 73 واں فیڈر ہے جو لوڈ شیڈنگ فری ہو رہا ہے۔ حیسکو کے ہر ملازم کی ذمے داری ہے کہ بجلی چوری کا خاتمہ کریں اور بجلی صارف کو یہ بتائیں اپنے بجلی کے بل باقاعدگی سے جمع کرائیں تو بجلی کی سہولت جاری رہے گی، جس طرح بلوچستان میں مسلح افراد نے حکومت کے سامنے سرینڈر کیا تو حکومت نے عام معافی کا اعلان کیا ہوا ہے اسی طرح ہم حیسکو کے بجلی کے صارفین کو ریلیف دلوانے کے لیے ہم اسٹینڈنگ کمیٹی میں یہ معاملہ اٹھائیں گے کہ بجلی کے بلوں میں عوام کو ریلیف دلوائیں گے۔ سید وسیم حسین ایم این اے/ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی کا تقریب سے خطاب

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ لوڈ شیڈنگ فری فیڈر کے ذریعے آپ عوام کو دل جیت رہے ہیں بجلی کی بہتر سہولت دینے کی صورت میں۔ ایم این اے ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ کا تقریب سے خطاب

ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) عبدالوحید برڑو اور اس کی پوری ٹیم کے ساتھ ایکسین کنسٹرکشن امتیاز احمد میمن اور اس کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 11 کے وی صوفی شاہ عنایت فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنے کا کام قلیل مدت میں مکمل کر کے دکھایا ہے ہمارے معزز مہمان ایم این اے سید وسیم حسین بجلی صارفین کی سہولت کے لیے قومی اسمبلی میں ہر وقت آواز اٹھاتے رہتے ہیں اسکے علاوہ این جی سی کی جانب سے فورس لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لیے بھی آواز اٹھائیں گے جس کی ہر وقت بجلی کی بہتر سہولت دینے میں مدد ملے گی، میرے دفتر میں روزانہ صبح 11 بجے سے دن 01 بجے تک بجلی صارفین کے لیے باقاعدگی سے کھلی کچہری ہوتی ہے یہ عمل جب سے میں نے چیف ایگزیکٹیو آفیسر کی ذمے داری سنبھالی ہے جو آج تک جاری ہے

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قائدانہ صلاحیتوں کا معترف ہوں کیونکہ ڈاہری صاحب نے یہ ثابت کر کے عملی طور پر 24 گھنٹے بجلی دینے کا منصوبہ جاری رکھا ہوا ہے، جو آج تک جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا تقریب سے خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 73 ویں 11 کے وی صوفی شاہ عنایت فیڈر کو لوڈ شیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) عبدالوحید برڑو اور اس کی پوری ٹیم کے ساتھ ایکسین کنسٹرکشن امتیاز احمد میمن اور اس کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 11 کے وی صوفی شاہ عنایت فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنے کا کام قلیل مدت میں مکمل کر کے دکھایا ہے ہمارے معزز مہمان ایم این اے سید وسیم حسین بجلی صارفین کی سہولت کے لیے قومی اسمبلی میں ہر وقت آواز اٹھاتے رہتے ہیں اسکے علاوہ این جی سی کی جانب سے فورس لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لیے بھی آواز اٹھائیں گے جس کی ہر وقت بجلی کی بہتر سہولت دینے میں مدد ملے گی، میرے دفتر میں روزانہ صبح 11 بجے سے دن 01 بجے تک بجلی صارفین کے لیے باقاعدگی سے کھلی کچہری ہوتی ہے یہ عمل جب سے میں نے چیف ایگزیکٹیو آفیسر کی ذمے داری سنبھالی ہے جو آج تک جاری ہے MOU میثاق، اخلاقی معاہدہ حیسکو انتظامیہ اور بجلی صارفین کے درمیان ہوتا ہے جس کے تین بنیادی اصول ہیں (1) نہ ہم بجلی چوری کریں گے نہ کرنے دیں گے (2) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے (3) ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تا کہ AT&C کنٹرول میں رہے۔ حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، اگر ان باتوں پر عمل نہیں ہوا تو لوڈ شیڈنگ دوبارہ شروع ہو جائے گی، تا کہ حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، بصورت دیگر لوڈ شیڈنگ دوبارہ شروع ہوگی، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈ شیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈ شیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تا کہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) عبدالوحید برڑو، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن حالی روڈ سجاد رضا رند کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر سید وسیم حسین ایم این اے/ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو کی بہترین کارکردگی میں افسران کے شانہ بشانہ تکنیکی عملہ/محنت کش ورکرز کا بڑا کردار ہے، جس پر میں آپ سب کو مبارکباد دیتا ہوں اور خاص طور پر میں چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قائدانہ صلاحیتوں کا معترف ہوں کیونکہ ڈاہری صاحب نے یہ ثابت کر کے عملی طور پر 24 گھنٹے بجلی دینے کا منصوبہ جاری رکھا ہوا ہے، جس کی مثال آج یہ 73 واں فیڈر ہے جو لوڈ شیڈنگ فری ہو رہا ہے۔ حیسکو کے ہر ملازم کی ذمے داری ہے کہ بجلی چوری کا خاتمہ کریں اور بجلی صارف کو یہ بتائیں اپنے بجلی کے بل باقاعدگی سے جمع کرائیں تو بجلی کی سہولت جاری رہے گی، جس طرح بلوچستان میں مسلح افراد نے حکومت کے سامنے سرینڈر کیا تو حکومت نے عام معافی کا اعلان کیا ہوا ہے اسی طرح ہم حیسکو کے بجلی کے صارفین کو ریلیف دلوانے کے لیے ہم اسٹینڈنگ کمیٹی میں یہ معاملہ اٹھائیں گے کہ بجلی کے بلوں میں عوام کو ریلیف دلوائیں گے، اس موقع پر ایم این اے ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ لوڈ شیڈنگ فری فیڈر کے ذریعے آپ عوام کو دل جیت رہے ہیں بجلی کی بہتر سہولت دینے کی صورت میں، اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایکسین آپریشن اور کنسٹرکشن کی ٹیموں نے 6 ہفتے میں ایک کلومیٹر لائن HT کی مکمل کر کے دی بسمہ اللہ ٹاؤن کے بجلی کے صارفین کو پہلے 11 کے وی ٹنڈو محمد یوسف فیڈر سے بجلی مکمل مل رہی تھی اور اب نئے بنائے گئے 11 کے وی صوفی شاہ عنایت فیڈر سے 24 گھنٹے بجلی ملے گی تمام پرانے ٹرانسفارمرز تبدیل کر کے نئے لگائے جائیں گے آپ تمام صارفین سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کریں بجلی قانونی طریقے سے استعمال کریں، عزت مآب سید وسیم حسین ایم این اے و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی اور عبدالعلیم خانزادہ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس تقریب میں آکر ہمیں عزت بخشی ہے۔ اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں معزز صارفین کو زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈر کی سہولت دی جا رہی ہے انسانی ذات کی خدمت کے جذبے کے تحت بجلی کی فراہمی اپنے معزز صارفین کو دے رہے ہیں، اپنے صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور تقریب میں آنے والے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) نے صوفی شاہ عنایت فیڈر کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ صوفی شاہ عنایت فیڈر پر مجموعی طور پر 18 عدد ٹرانسفارمرز ہیں، 550 گھریلو کنیکشنز ہیں، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈ شیڈنگ نافذ کی جا سکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں صوفی شاہ عنایت فیڈر کی جانب سے مہمانانِ خصوصی ایم این اے/ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین، ایم این اے ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ، انجینئر اختر علی جاٹ، محمد خان، سماجی رہنما نوید احمد شیخ، جنید احمد ڈاہری، جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل حیدرآباد منیر شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل حیدرآباد سنیل کمار، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو الہیار عاقب عباس شاہ، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) عبدالوحید برڑو، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ٹو) ارشد شیخ، ایس ڈی او میران محمد شاہ گل رحمان کاکڑ، ایس ڈی او ہالی روڈ سجار رضا رند، ایس ڈی او رضوی اسماعیل بھٹی، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اد چانڈیو، ڈپٹی منیجر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبرو دیگر افسران اور تکنیکی عملہ موجود تھے۔



حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، ایم این اے و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین، ایم این اے ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ و دیگر افسران 11 کے وی صوفی شاہ عنایت فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے